DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 28.04.2024

| نمبر شمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | وزیر اعلیٰ کا شہید اہلکار کی بہن اور فیملی کے تین افراد کو ملازمت دینے کا اعلان | جنگ ودیگر اخبارات |
| 02 | دہشتگردی کے خاتمے کیلئے پوری قوم سیکورٹی فورسز کے شانہ بشانہ ہے، نور محمد دمڑ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 03 | خواتین کی پولیس میں شمولیت صنفی تشدد کا خاتمہ ہوگا، راحیلہ حمید درانی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 04 | بلوچستان حکومت خواتین کو بااختیار بنانے کیلئے اقدامات کر رہی ہے، ڈاکٹر ربابہ بلیدی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 05 | وزیر آبپاشی کا ڈرلنگ ڈائریکٹوریٹ اریگیشن کے مختلف دفاتر کا دورہ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 06 | ریلوے ملازمین کے مسائل حل کیے جائیں، صوبائی مشیر ماحولیات کی ڈی ایس کو ہدایت | آزادی ودیگر اخبارات |
| 07 | قانون کی تشریح ہمارا کام انسانی حقوق کا تحفظ ذمہ داری ہے، چیف جسٹس بلوچستان | باخبر ودیگر اخبارات |
| 08 | وفاقی حکومت کا غیر ملکی شہریوں کو سیکورٹی کیلئے اسپیشل پروٹیکشن فورس بنانے کا فیصلہ | باخبر ودیگر اخبارات |
| 09 | محمود اچکزئی کے وارنٹ گرفتاری معطل 87 کی کارروائی کا حکم | جنگ ودیگر اخبارات |
| 10 | کوئٹہ سمیت دیگر شہروں میں طوفانی بارشیں زیارت ہرنائی آبی ریلوں میں بہہ گئی تفتان سیلابی ریلے سے نعش برآمد بچہ جاں بحق | جنگ ودیگر اخبارات |
| 11 | سپریم کورٹ کا ملک بھر میں تجاوزات تین دن میں ختم کرنے کا حکم | جنگ ودیگر اخبارات |
| 12 | وفاقی محتسب کے حکم پر خاتون کو میرج گرانٹ کے ایک لاکھ روپے کا چیک دیا گیا | مشرق ودیگر اخبارات |
| 13 | مہنگی ملنے والی مرغی سرکاری نرخ پر نہیں بیچ سکتے ڈیلرز، گرانفروشوں کیخلاف کارروائی ہوگی، ڈی سی | مشرق ودیگر اخبارات |
| 14 | کم وزن روٹی فروخت کرنے کیخلاف کارروائی 16 تندور مالکان گرفتار | مشرق ودیگر اخبارات |
| 15 | پاک آرمی اور ایف سی کے تعاون سے خضدار میں تین روز فری میڈیکل کیمپ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 16 | خطے کے حالات خطرناک حدوں کو چھو رہے ہیں، اے این پی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 17 | جوائنٹ ایکشن کمیٹی جامعہ بلوچستان کا یکم مئی کو دھرنے کا اعلان | جنگ ودیگر اخبارات |

## امن وامان:

ہرنائی ایف سی نارتھ کی کارروائی میں ایک دہشت گرد ہلاک، ڈیرہ اللہ یار بینک ڈکیتی اور قتل میں ملوث ملزمان گرفتار نصف رقم برآمد، آئس شیشہ کرسٹل، ہیروئن سمیت منشیات کا کاروبار عروج پر، کوئٹہ موٹر سائیکل چھیننے والے دو گروہوں کے پانچ کارندے گرفتار

## عوامی مسائل:

صوبائی دارلحکومت میں واٹر فلٹریشن پلانٹس غیر فعال، شہر بھر میں بدترین ٹریفک جام کا مسئلہ برقرار، ژوب اری گیشن آفیسران کی مبینہ کرپشن و کمیشن کا نوٹس لیا جائے، کسٹم انٹیلی جنس ایف بی آر کے چھاپوں کیخلاف سخت احتجاج کرینگے، مرکزی انجمن تاجران، پنجگور پراسرار جانور نے شہریوں کا جینا دوبھر کر دیا،

CamScanner

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 28.04.2024

**اداریہ:**

روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ نے **"موسمیاتی تبدیلی کا مسئلہ اور وزیر اعلیٰ بلوچستان کا مبنی برحقیقت موقف!"** کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ بلوچستان سمیت ملک کے اکثر علاقوں میں عیدالفطر کے بعد سے اب تک طوفانی بارشوں، گرج چمک اور سیلابی ریلوں کے باعث غیر معمولی نقصانات ہوئے ہیں، یہ کوئی پہلی بار نہیں بہار ہو، مون سون یا پھر سرما کے دوران ہونے والی بارشیں ان سے تباہی اب پاکستان کیلئے پرانی بات بن چکی ہے، ماہرین کے مطابق یہ سب کچھ دراصل موسمیاتی مسائل اور موسمیاتی تبدیلی کے عالمگیر مسلے کے باعث ہوا ہے اگرچہ پاکستان کا کوئی کردار نہیں مگر المیہ یہ ہے کہ پاکستان اس کا سب سے بڑا شکار بن چکا ہے اس بات کا اعتراف خود اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس کے چکے ہیں، ابھی جب یہ طوفانی موسم ہے یہی بھی موسمیاتی تبدیلی کا ہی نتیجہ ہے عیدالطفر کے دوسرے دن سے لے کر اب تک ملک کے متعدد علاقوں میں بارشوں کا سلسلہ جاری ہے اور این ڈی ایم اے نے مزید بھی انتیس اپریل تک شدید بارشوں کے ساتھ ساتھ سیلابی صورتحال سے خبردار کرتے ہوئے خصوصی الرٹ جاری کیا ہے کہ این ڈی ایم اے کا کہنا ہے کہ تیز بارشوں سے انفرا سٹرکچر اور فصلوں کو شدید نقصان پہنچ سکتا ہے عوام غیر ضروری سفر کرنے اور دریاؤں اور نہروں کے عبور کرنے سے گریز کریں کچے مکانات کی مرمت کریں اور پانی کے نکاسی کو یقین بنائیں،

**اداریے:**

روزنامہ مشرق کوئٹہ نے **"کوئٹہ میں شہری منصوبہ بندی، عوامی شکایات اور حکومت کی ترجیحات"** کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ انتخاب کوئٹہ نے **"حکومت عوام کو احتجاج کا حق بھی دینے کو تیار نہیں"** کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ بلوچستان ٹائمز کوئٹہ نے "Lack of processing facilities" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

**مضامین:**

روزنامہ آزادی کوئٹہ نے **"آواران کی تحصیل گیشکور کولواہ کے پائوں میں چھبے کانٹے نکالیں"** کے عنوان سے ارشد اقبال کا مضمون تحریر کیا ہے۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 1


THE DAILY JANG QUETTA

روزنامہ جنگ کوئٹہ

بانی میر خلیل الرحمٰن

جلد 53 | اتوار 19 رشوال المکرم 1445ھ 28 اپریل 2024ء | نمبر 117


## وزیراعلیٰ کا شہید اہلکار کی بہن اور فیملی کے 3 افراد کو ملازمت دینے کا اعلان

### ذکی ہارون کے والدین کی ملاقات، ریکروٹ کے معاوضے کی ادائیگی جلد کی جائے، سرفراز بگٹی کی ہدایت

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے گزشتہ روز شہید پولیس ریکروٹ ذکی ہارون کے والدین اور بھائیوں نے ملاقات کی اور انہیں اپنے مسائل سے آگاہ کیا۔ وزیراعلیٰ نے سوگوار خاندان سے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے ریکروٹ کی بہن اور متاثرہ فیملی کے تین افراد کو سرکاری ملازمت کی فراہمی کا اعلان کیا جبکہ محکمہ پولیس میں تعینات دوسرے سرکاری ملازم بھائی کے تحفظات کے پیش نظر اس کی ڈیوٹی محفوظ مقام پر لگانے کی ہدایت کی۔ سرفراز بگٹی نے محکمہ داخلہ بلوچستان کو ہدایت کی کہ رائج الوقت پالیسی کے تحت ریکروٹ کے معاوضے کی ادائیگی کے لئے تمام ضروری کارروائی جلد مکمل کی جائے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ بحالی امن کیلئے شہداء کی قربانیوں کو فراموش نہیں کیا جاسکتا، جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے ہمارے حقیقی ہیرو ہیں جن کے پسماندگان کا ہر طرح سے خیال رکھنا حکومت کی ذمہ داری ہے۔



کوئٹہ: وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے پولیس ریکروٹ ذکی ہارون کے والدین ملاقات کر رہے ہیں

Daily MASHRIQ QUETTA

الشرق کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایڈیٹر سید ممتاز احمد

جلد 52 | اتوار 19 شوال 1445ھ 28 اپریل 2024ء صفحات 24 | شمارہ 306

رجسٹرڈ BC-m-1 | Email. Mashriqqta2008@gmail | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 35 روپے


# بحالی امن کیلئے شہداء کی قربانیوں کو فراموش نہیں کیا جاسکتا، سرفراز بگٹی

**وزیر اعلیٰ کا شہید پولیس ریکروٹ ذکی ہارون کی بہن اور متاثرہ فیملی کے تین افراد کو سرکاری ملازمت کی فراہمی کا اعلان کیا**

**شہداء ہمارے حقیقی ہیرو ہیں جن کے پسماندگان کا ہر طرح سے خیال رکھنا حکومت کی ذمہ داری ہے، شہید کے لواحقین سے گفتگو**

**سرفراز بگٹی نے سوئی کے ننھے گلوکار طارق کی بھرپور پذیرائی کی اس کے تعلیمی اخراجات سرکاری سطح پر اٹھانے کا اعلان کر دیا**

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے گزشتہ روز یہاں شہید پولیس ریکروٹ ذکی ہارون کے والدین اور بھائیوں نے ملاقات کی اور انہیں اپنے مسائل سے آگاہ کیا وزیر اعلیٰ بلوچستان نے سوگوار خاندان سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے شہید ........ بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

ریکروٹ کی بہن اور متاثرہ فیملی کے تین افراد کو سرکاری ملازمت کی فراہمی کا اعلان کیا جبکہ محکمہ پولیس میں تعینات شہید کے دوسرے سرکاری ملازم بھائی کے تحفظات کے پیش نظر اس کی ڈیوٹی محفوظ مقام پر لگانے کی ہدایت کی میر سرفراز بگٹی نے محکمہ داخلہ بلوچستان کو ہدایت کی کہ رائج الوقت پالیسی کے تحت شہید ریکروٹ کے معاوضے کی ادائیگی کے لئے تمام ضروری کارروائی جلد مکمل کی جائے وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ بحالی امن کیلئے شہداء کی قربانیوں کو فراموش نہیں کیا جاسکتا جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے ہمارے حقیقی ہیرو ہیں جن کے پسماندگان کا ہر طرح سے خیال رکھنا حکومت کی ذمہ داری ہے واضح رہے کہ ذکی ہارون نامی ریکروٹ کو دہشت گردوں نے گزشتہ ہفتے نوشکی میں ڈیوٹی کی انجام دہی کے دوران شہید کردیا تھا۔ دریں اثناء وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ننھے گلوکار کی مدد کا اعلان کردیا۔ سوئی ڈیرہ بگٹی کے بوٹ پالش کرنے والے ننھے گلوکار طارق کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئی۔ سوئی ڈیرہ بگٹی کے ننھے گلوکار کی آواز نے سوشل میڈیا پر دھوم مچادی وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی جانب سے ننھے گلوکار طارق کی بھرپور پذیرائی کی گئی ننھے گلوکار کے تمام تعلیمی اخراجات سرکاری سطح پر اٹھانے کا اعلان کردیا۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ننھے گلوکار کے تعلیمی اخراجات اٹھانے کے حوالے سے ضلعی انتظامیہ کو ہدایت جاری کردی گئی۔ ننھے گلوکار طارق اور ان کے والد کی ڈپٹی کمشنر ڈیرہ بگٹی اکبر شہزاد سے ملاقات کی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر ڈیرہ بگٹی اکبر شہزاد نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان کی ہدایت پر طارق کے تمام تعلیمی اخراجات حکومت اٹھائے گی ہم نے اسکول پرنسپل کو بلا کر جلد گلوکار طارق کا داخلہ کروا دیا جائے گا

## وزیر اعلیٰ بلوچستان کی میڈیا ٹاک کے الفاظ توڑ مروڑ کر رپورٹ کیے گئے

**یار لوگ لفظ کو کو یار دوست میں بدل کر مفہوم تبدیل کر دیا گیا، غلطی درست کی جائیگی**

کوئٹہ (آن لائن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی میڈیا ٹاک کے من و من اصل لفظ ایک ٹی وی میں انکی روح سے ہٹ کر رپورٹ کیے گئے جس سے بادی النظر میں اس فقرے کا مفہوم تبدیل ہوا سڑکوں کی مرمت فنڈز کے سوال پر جواب میں وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے سڑکوں کی مرمت کے مختص فنڈ پر کرپشن کے متعلق لفظ "یار لوگ" استعمال کیا جسے خبر میں "یار دوست" میں بدل دیا گیا بلوچستان اور کوئٹہ کے صحافی جانتے ہیں کرپشن کے کسی ........ بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

معاملے پر لفظ "یار لوگ" مقامی ضرب المثل کے طور پر استعمال ہوتا ہے امید ہے ایک ذمہ دار ٹی وی چینل ہونے کی حیثیت میں غلطی درست کی جائیگی۔



کوئٹہ: وزیر اعلیٰ سرفراز بگٹی سے شہید پولیس اہلکار ذکی ہارون کے والدین اور بھائی ملاقات کر رہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 3

روزنامہ ایکسپریس کوئٹہ سینچری

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

جلد22 شمارہ136 | اتوار، 19 شوال، 28 اپریل 2024ء، صفحات 8 قیمت 40 روپے

# بحالی امن کیلئے شہداء کی قربانیاں فراموش نہیں کی جاسکتیں، وزیر اعلیٰ

## جانوں کے نذرانے پیش کرنے والے ہمارے حقیقی ہیرو ہیں، ان کے پسماندگان کا خیال رکھنا حکومت کی ذمہ داری ہے

### وزیر اعلیٰ سے شہید ریکروٹ کے لواحقین کی ملاقات، ریکروٹ کی بہن اور متاثرہ فیملی کے تین افراد کو سرکاری ملازمت دینے کا اعلان

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے گزشتہ روز یہاں شہید پولیس ریکروٹ ذکی ہارون کے والدین اور (باقی صفحہ 5 نمبر 8)

بھائیوں نے ملاقات کی اور انہیں اپنے مسائل سے آگاہ کیا وزیر اعلیٰ بلوچستان نے سوگوار خاندان سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے شہید ریکروٹ کی بہن اور متاثرہ فیملی کے تین افراد کو سرکاری ملازمت کی فراہمی کا اعلان کیا جبکہ محکمہ پولیس میں تعینات شہید کے دوسرے سرکاری ملازم بھائی کے تحفظات کے پیش نظر اس کی ڈیوٹی محفوظ مقام پر لگانے کی ہدایت کی میر سرفراز بگٹی نے محکمہ داخلہ بلوچستان کو ہدایت کی کہ رائج الوقت پالیسی کے تحت شہید ریکروٹ کے معاوضے کی ادائیگی کے لئے تمام ضروری کارروائی جلد مکمل کی جائے وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ بحالی امن کیلئے شہداء کی قربانیوں کو فراموش نہیں کیا جاسکتا جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے ہمارے حقیقی ہیرو ہیں جن کے پسماندگان کا ہر طرح سے خیال رکھنا حکومت کی ذمہ داری ہے واضح رہے کہ ذکی ہارون نامی ریکروٹ کو دہشت گردوں نے گزشتہ ہفتے نواں کلی میں ڈیوٹی کی انجام دہی کے دوران شہید کر دیا تھا۔

# دہشت گردی کا قلع قمع کریں گے، سرفراز بگٹی

## ہرنائی میں دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائی اطمینان کا باعث ہے

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ہرنائی کے علاقے زندہ پیر میں دہشت گردوں کے خلاف ایف سی نارتھ کی کامیاب کارروائی پر اظہار اطمینان کیا ہے اپنے ایک ٹویٹ میں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ ایف سی نے فوری اور کامیاب آپریشن کر کے (باقی صفحہ 5 نمبر 11)

شہریوں کو بہت بڑے نقصان سے بچا لیا۔ دہشت گردوں کے خلاف کامیاب آپریشن میں ایک دہشت گرد ہلاک تین زخمی ہوئے عوام کے جانی و مالی تحفظ کے لئے ایف سی کی خدمات کو سراہتے ہیں۔ وزیر اعلیٰ نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ دہشت گردوں کا قلع قمع کر کے بلوچستان کو امن کی سرزمین بنائیں گے۔



وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی سے سابق صوبائی وزراء طاہر محمود خان اور میر عبدالماجد ابڑو ملاقات کر رہے ہیں



وزیر اعلیٰ سرفراز احمد بگٹی سے شہید پولیس ریکروٹ ذکی ہارون کے اہل خانہ ملاقات کر رہے ہیں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 4

THE DAILY INTEKHAB (Quetta)

روزنامہ انتخاب کوئٹہ

رجسٹرڈ نمبر بی سی I-4

قیمت 30 روپے ★ صفحات 6

www.dailyintekhab.PK
Intekhabnews@gmail.com
Quetta Ph:081-2822909

جلد نمبر 31 | بروز اتوار 28 اپریل 2024ء بمطابق 19 رشوال المکرم 1445ھ | شمارہ نمبر 117

# بحالی امن کیلئے شہداء کی قربانیوں کو فراموش نہیں کیا جا سکتا، میر سرفراز بگٹی

## جانوں کا نذرانہ پیش کرنیوالے ہمارے حقیقی ہیرو ہیں، پسماندگان کا خیال رکھنا حکومت کی ذمہ داری ہے

### وزیراعلیٰ سے پولیس ریکروٹ ذکی ہارون کے اہل خانہ کی ملاقات، مسائل سے آگاہ کیا، فیملی کے 3 افراد کو سرکاری نوکری دینے کا اعلان

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے گزشتہ روز یہاں شہید پولیس ریکروٹ ذکی ہارون کے والدین اور بھائیوں نے ملاقات کی اور انہیں اپنے مسائل سے آگاہ کیا وزیراعلیٰ بلوچستان نے سوگوار خاندان سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے شہید ریکروٹ کی بہن اور متاثرہ فیملی کے تین افراد کو سرکاری ملازمت کی فراہمی کا اعلان کیا جبکہ محکمہ پولیس میں تعینات شہید کے دوسرے سرکاری ملازم بھائی کے تحفظات کے پیش نظر اس کی ڈیوٹی محفوظ مقام پر لگانے کی ہدایت کی میر سرفراز بگٹی نے محکمہ داخلہ بلوچستان کو ہدایت کی کہ رائج الوقت پالیسی کے تحت شہید ریکروٹ کے معاوضے کی ادائیگی

بقیہ نمبر 45 صفحہ 5 پر

کے لئے تمام ضروری کارروائی جلد مکمل کی جائے وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ بحالی امن کیلئے شہداء کی قربانیوں کو فراموش نہیں کیا جاسکتا جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے ہمارے حقیقی ہیرو ہیں جن کے پسماندگان کا ہر طرح سے خیال رکھنا حکومت کی ذمہ داری ہے واضح رہے کہ ذکی ہارون نامی ریکروٹ کو دہشت گردوں نے گزشتہ ہفتے نواں کلی میں ڈیوٹی کی انجام دہی کے دوران شہید کردیا تھا۔

کوئٹہ، لاہور، کراچی، راولپنڈی/اسلام آباد، پشاور، ملتان، فیصل آباد، سرگودھا سے اشاعت کے لیے منظور شدہ

Roznama 92 News

786/92

روزنامہ 92 نیوز کوئٹہ

محمد حیدر امین

قیمت 30 روپے


جلد 7 | اتوار 19 شوال المکرم 1445ھ 28 اپریل 2024ء | شمارہ 220


# وزیراعلیٰ بلوچستان: شہداء حقیقی ہیرو، قربانیوں کو فراموش نہیں کیا جاسکتا

## پسماندگان کا ہر طرح سے خیال رکھنا حکومت کی ذمے داری (سرفراز بگٹی) شہید پولیس ریکروٹ ذکی ہارون کے ورثا کی ملاقات

## سوگوار خاندان سے تعزیت کا اظہار، شہید ریکروٹ کی بہن اور متاثرہ گھرانے کے 3 افراد کو سرکاری ملازمت کی فراہمی کا اعلان

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بحالی امن کیلئے شہدا کی قربانیوں کو فراموش نہیں کیا جاسکتا، جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے ہمارے حقیقی ہیرو ہیں، پسماندگان کا ہر طرح سے خیال رکھنا حکومت کی ذمے داری ہے، یہ بات انہوں نے گزشتہ روز شہید پولیس ریکروٹ ذکی ہارون کے والدین اور بھائیوں سے ملاقات میں کہی، شہید کے ورثا نے مسائل سے آگاہ کیا، وزیراعلیٰ بلوچستان نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)



کوئٹہ: وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے شہید پولیس ریکروٹ ذکی ہارون کے والدین و اہل خانہ ملاقات کررہے ہیں

سوگوار خاندان سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے شہید ریکروٹ کی بہن اور متاثرہ فیملی کے 3 افراد کو سرکاری ملازمت کی فراہمی کا اعلان کیا، محکمہ پولیس میں تعینات شہید کے دوسرے سرکاری ملازم بھائی کے تحفظات کے پیش نظر اس کی ڈیوٹی محفوظ مقام پر لگانے کی ہدایت کی، میر سرفراز بگٹی نے محکمہ داخلہ بلوچستان کو ہدایت کی کہ رائج الوقت پالیسی کے تحت شہید ریکروٹ کے معاوضے کی ادائیگی کے لئے تمام ضروری کارروائی جلد مکمل کی جائے۔

# دہشت گردوں کا قلع قمع کرکے بلوچستان کو پرامن بنائیں گے، سرفراز بگٹی

## زندہ پیر میں دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائی پر اطمینان کا اظہار

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے زندہ پیر میں دہشت گردوں کے خلاف ایف سی نارتھ کی کامیاب کارروائی پر اطمینان کا اظہار کیا، گزشتہ روز سوشل ویب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

سائٹ پر پیغام میں ان کا کہنا تھا کہ ایف سی نے فوری اور کامیاب آپریشن کرکے شہریوں کو بہت بڑے نقصان سے بچالیا، دہشت گردوں کے خلاف کامیاب آپریشن میں ایک دہشت گرد ہلاک ہوا، عوام کے جانی و مالی تحفظ کے لئے ایف سی کی خدمات کو سراہتے ہیں، دہشت گردوں کا قلع قمع کرکے بلوچستان کو امن کی سرزمین بنائیں گے۔

THE DAILY INTEKHAB (HUB)

روزنامہ انتخاب حب بلوچستان

رجسٹرڈ نمبر ایس آئی I-3

قیمت 40 روپے ★ صفحات 8

www.dailyintekhab.pk

Hub Ph: 0853-363533

Karachi Ph: 021-32631089 & 32634518

جلد نمبر 36 | بروز ہفتہ، 27 اپریل 2024ء بمطابق 18 شوال المکرم 1445ھ | شمارہ نمبر 116


# کوئٹہ کو بہتر سے بہتر بنانے کا عزم، حکومتی اثاثے ضائع نہیں ہونے دینگے، وزیراعلیٰ

## وکلاء سمیت تمام شہری کوئٹہ کی بہتری میں حکومت کا ساتھ دیں، لوگ ذاتی مفادات کیلئے کرپشن کو پروان چڑھاتے ہیں

## نجی شعبے کے اشتراک سے ٹریفک پولیس کو لفٹر فراہم کئے جائینگے، دستیاب وسائل کا درست استعمال نہیں ہوتا، میڈیا سے گفتگو

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ حکومت کے اثاثوں کو کسی بھی صورت ضائع نہیں ہونے دیں گے وکلاء سمیت تمام شہری کوئٹہ کی بہتری میں حکومت کا ساتھ دیں، میٹروپولیٹن سمیت دیگر اداروں میں لوگ ذاتی مفادات کے لئے کرپشن کو پروان چڑھاتے ہیں، انسکمب روڈ کے ڈیزائن کی بہتری لائی جائے گی، سرکلر روڈ پارکنگ پلازہ نامکمل رہنے پر متعلقہ انجینئر کو معطل کر کے تحقیقات کا حکم دے دیا ہے۔ یہ بات انہوں نے جمعہ

بقیہ نمبر 39 صفحہ 7 پر

کو سرکلر روڈ پارکنگ پلازہ کا دورہ کرنے کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر ترجمان حکومت بلوچستان شاہد رند، کمشنر وایڈمنسٹریٹر کوئٹہ حمزہ شفقات، ڈائریکٹر جنرل پی ڈی ایم اے جہانزیب خان سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ 7 منزلہ پارکنگ پلازہ کو کوئی لفٹ موجود نہیں ہے پلازہ کا کام بھی مکمل نہیں ہے جس کے بعد انجینئر کو معطل کر کے تحقیقات کا حکم دے دیا ہے سرکلر روڈ پارکنگ پلازہ کو فعال کر کے ایک ماہ میں 10 لاکھ روپے حاصل کئے ہیں پلازہ کی چھت پر نجی شعبے کے اشتراک سے ہوٹل بنائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ بلدیہ پلازہ کی بہتری، گوشت مارکیٹ میں پارکنگ پلازہ بنائیں گے جس کے بعد شہر کے وسطی بازار کو واکنگ اسٹریٹ بنائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ نجی شعبے کے اشتراک سے ٹریفک پولیس کو لفٹر فراہم کئے جائیں گے۔ ایک سوال کے جواب میں وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان میں وسائل کی کمی ہے اور جو وسائل دستیاب ہیں ان کا درست استعمال نہیں ہوتا جس سے عوام کو

فائدہ نہیں پہنچا کوئٹہ کی سیوریج، پارکنگ، ڈرینج کا نظام بہتر کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ میٹروپولیٹن 6 ہزار روپے سرکلر روڈ پارکنگ پلازہ سے حاصل کرتا تھا اب 10 لاکھ ہوگیا ہے ادارے ریونیو، عوام اور حکومت کے بجائے اپنے ذاتی مفادات کے لئے کرپشن کرتے ہیں ٹھیکیدار کو ایڈوانس منعت کردی گئی جس کے بعد وہ بھاگ گیا ہے اب ہم پلازہ کو بہتر کرنے جارہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کوئٹہ کے شہریوں نے شہر کو صاف کرنا ہے ڈبل روڈ کی صفائی کے دوران نالیوں میں سے ٹائر نکلے ہیں عوام کو بھی ذمہ داری کا مظاہرہ کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ہر ضلع کی سڑکوں کی مرمت کے لئے 50 لاکھ روپے رکھے جاتے ہیں جو یار لوگ کھا جاتے ہیں ہمیں اپنے موجودہ وسائل کے تحت نیا طریقہ کار لانا ہوگا ساتھ ہی ہم مائنز اینڈ منرل، میٹروپولیٹن کارپوریشن کے ذریعے ریونیو حاصل کرسکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وکلاء سے اپیل ہے کہ وہ بھی ہمارا ساتھ دیں بلدیہ پلازہ میں 55 روپے کرایہ ہے وکلاء بھی اپنے کرایوں پر نظرثانی کریں۔ انہوں نے کہا کہ بلدیہ کینٹین کا کرایہ 6 ہزار روپے ہے ہم اسے خالی کروا کر جدید طرز کا کینٹین بنائیں گے جہاں مختلف طبقات کے لوگ بیٹھیں۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ انسکمب روڈ کے ڈیزائن میں خامیوں اور بہتری کے لئے کمشنر کوئٹہ کو ہدایات جاری کردی ہیں وہ اسکا جائزہ لیں گے۔ انہوں نے کہا کہ صحافی پر حملے کی تحقیقات جاری ہیں متعلقہ ایس پی کو ہدایات جاری کر کے ملزمان کو جلد گرفتار کیا جائے گا۔



وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سرکلر روڈ پارکنگ پلازہ کے دورے کے موقع پر میڈیا سے بات چیت کررہے ہیں۔

www.dailyazadiquetta.com ویب سائٹ
بلوچستان کا سب سے زیادہ پڑھا جانیوالا اخبار
ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

Daily AZADI Quetta
روزنامہ آزادی کوئٹہ
بانی صدیق بلوچ


جلد نمبر ـ 23 | اتوار 28 اپریل 2024ء بمطابق 19 شوال 1445ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر ـ 116


## ہرنائی میں دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائی پر وزیر اعلیٰ کا اظہار اطمینان

### ایف سی نے فوری اور کامیاب آپریشن کر کے شہریوں کو بہت بڑے نقصان سے بچا لیا سرفراز بگٹی

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ہرنائی کے علاقے زندہ پیر میں دہشت گردوں کے خلاف ایف سی نارتھ کی کامیاب کارروائی پر اظہار (بقیہ نمبر 23 صفحہ نمبر 2 پر)

اطمینان کا اظہار کیا ہے اپنے ایک ٹویٹ میں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ ایف سی نے فوری اور کامیاب آپریشن کر کے شہریوں کو بہت بڑے نقصان سے بچا لیا دہشت گردوں کے خلاف کامیاب آپریشن میں ایک دہشت گرد ہلاک تین زخمی ہوئے عوام کے جانی و مالی تحفظ کے لئے ایف سی کی خدمات کو سراہتے ہیں وزیر اعلیٰ نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ دہشت گردوں کا قلع قمع کر کے بلوچستان کو امن کی سرزمین بنائیں گے



کوئٹہ: وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی شہید پولیس ریکروٹ ذکی ہارون کے والدین سے ملاقات کر رہے ہیں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily:

Bullet No. 1

Dated:

Page No. 9


Balochistan Times

92 NEWS MEDIA GROUP

Founded by Syed Faseih Iqbal in 1976

balochistantimes.pk @balochistantimes.pk BTimes_pk

Regd No. B.C.6 VOL XLV No. 727 QUETTA Sunday April 28, 2024 /Shawwal, 19 1445 Rs: 30



QUETTA: CM Balochistan Sarfraz Bugti in a meeting with family members of martyred police recruit Zaki Haroon on Saturday.

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 28 APR 2024 Page No. 12

## مہنگی ملنے والی مرغی سرکاری نرخ پر نہیں بیچ سکتے ڈیلرز، گرانفروشوں کیخلاف کارروائی ہوگی ڈی سی

ہمیں مرغی زیادہ قیمت پر مل رہی ہے، ضلعی انتظامیہ نے بے بنیاد الزامات لگائے ہیں، پولٹری شاپس مالکان

پولٹری فارم والے غیر رجسٹرڈ ڈیلرز سے مرغی خرید کر شہریوں کو مہنگے داموں فروخت کرتے ہیں، ڈی سی کوئٹہ

پولٹری فارمز کے خلاف قانونی کارروائی کے لیے ایف آئی اے اور ایف بی آر کو لیٹر ارسال کردیا ہے، سعد بن اسد

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پولٹری مالکان نے حکومتی نرخ کو ماننے سے انکار کرتے ہوئے اپنی دکانیں بند کردی ان کا کہنا تھا کہ کوئٹہ میں مرغی زیادہ قیمت پر مل رہی ہے سرکاری ریٹ پر فروخت نہیں کرسکتے ہیں۔ انتظامیہ کے الزامات حقائق کے برعکس ہے ضلعی انتظامیہ نے مرغی کے زائد قیمتوں کا نوٹس لیتے ہوئے ایف آئی اے کو لیٹر اور پولٹری شاپس کو نیا نرخ دینے پر پولٹری شاپس مالکان براماں گئے ضلعی انتظامیہ اور پولٹری فارم مالکان آمنے سامنے ضلعی انتظامیہ کی جانب سے مرغی کے زائد قیمتوں کا نوٹس لینے ایف آئی اے کو لیٹر اور پولٹری شاپس کو نیا نرخ دینے پر پولٹری ......... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

شاپس مالکان براماں گئے کوئٹہ پولٹری فارم مالکان نے احتجاجاً اپنی دکانیں بند کردی کوئٹہ مرغی زیادہ قیمت پر مل رہی ہے تو وہ اسے کم قیمت پر کیسے بیچ سکتے ہیں ضلعی انتظامیہ نے بے بنیاد الزامات لگائے ہیں، دریں اثناء ڈپٹی کمشنر کوئٹہ لیفٹیننٹ (ر) سعد بن اسد نے کہا کہ پولٹری فارم والے بغیر رجسٹرڈ ڈیلرز سے مرغی خرید کر شہریوں کو مہنگے داموں فروخت کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پولٹری فارمز کے خلاف قانونی کارروائی کے لیے ایف آئی اے اور ایف بی آر کو لیٹر ارسال کردیا متعدد پولٹری فارم مالکان پنجاب میں مافیاز اور بغیر رجسٹرڈ ڈیلرز سے مرغی خرید کر کوئٹہ کے مافیاز پر مہنگے داموں فروخت کرتے ہیں ضلعی انتظامیہ اور ایف بی آر اور ایف آئی مل کر ان مافیاز کے خلاف کارروائی کریگی ڈپٹی کمشنر کوئٹہ نے ایف آئی اور ایف بی آر حکام کو لیٹر میں ان کے خلاف کارروائی کی استدعا کی ہے مافیاز کی وجہ سے مرغی کی قیمت بڑھ کر 840 تک جا پہنچی کام حوالہ ہنڈی کے ذریعے ہورہا ہے۔ جو کہ بغیر پاکستانی ٹیکس جمع کیے غیر قانونی طریقے سے ہورہا ہے۔ بار بار پولٹری فارم مالکان کو بلا کر وارننگ جاری کیے ہیں پولٹری فارم ایسوی ایشن اور دکانداران ایسوی ایشن کے ساتھ اجلاس کیے ہیں لیکن وہ ان فیصلوں کی خلاف ورزی کررہے ہیں۔

## کم وزن روٹی فروخت کرنے کیخلاف کارروائی 16 تندور مالکان گرفتار

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ اور ان کی ٹیم کی تندوروں کیخلاف کارروائیاں قابل ستائش ہیں، شہری

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں اخبار کی خبر پر ایکشن لیتے ہوئے چوہڑل روڈ ڈی سی کوئٹہ سعد بن اسد نے روٹی میں وزن چوروں کیخلاف کارروائی کی، جس میں مکمل چوہڑل روڈ کے تندور ملوث پائے گئے ڈی سی کوئٹہ کی ٹیم نے تمام تندور مالکان کو موقع پر ہی گرفتار کرلیا اور اسے جیل بھیج دیا اس طرح نوکلی میں بھی 3 تندور مالکان کو گرفتار کرلیا تندور مالکان کہتے ہیں گیس مہنگا ہے مگر گیس انتظامیہ کہتی ہے کہ ان لوگوں کو کوئی جرمانہ کوئی بھاری......... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

نل نہیں بھیجا گیا بلکہ 5 سالوں سے ان لوگوں کو کھلی چوٹ دے دی گئی اس کے باوجود یہ لوگ خمیر میں وزن چوری کررہے ہیں آٹا مہنگا کا بہانہ بنایا تو سرکار نے فی بوری 5 ہزار سستا کردیا اس طرح کوئٹہ شہر میں 16 تندور مالکان کو گرفتار کرکے جیل بھیج دیا گیا ہے۔

## پاک آرمی اور ایف سی کے تعاون سے خضدار میں 3 روزہ فری میڈیکل کیمپ

کیمپ میں کٹے ہونٹوں اور تالو کا مفت علاج و آپریشن کیا گیا، کرنل حافظ کاشف کا ٹیم کے ہمراہ کیمپ کا دورہ

خضدار میں فری میڈیکل کیمپ لگانے کی وجہ سے والدین کو اپنے بچوں کو مفت آپریشن کرانے کی سہولت میسر آئی، طبی عملے سے بات چیت

خضدار (خ ن) پاک آرمی 33 ڈویژن اور ایف سی کے تعاون سے خضدار میں تین روزہ فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد کیا گیا کیمپ میں کٹے ہونٹوں اور تالو کا مفت علاج و آپریشن کیا گیا، فری میڈیکل کیمپ میں کراچی کے ماہر ڈاکٹرز کو دعوت دی گئی تھی، فری میڈیکل کیمپ میں خضدار اور قرب و جوار کے سینکڑوں بچوں کا معائنہ اور علاج کیا گیا، فری میڈیکل کیمپ کا افتتاح ایک بچی نے کی، کمانڈنٹ ایف سی قلات اسکاؤٹس کرنل حافظ کاشف نے فری میڈیکل کیمپ کا دورہ کیا، اس موقع پر ان کا کہنا تھا کہ فرنٹیر کور کی جانب سے عوام کی خدمت ہر شعبے میں جاری و ساری ہے، انہوں نے کہا کہ قیام امن ہو یا عوام کی حفاظت ہر معاملے میں ایف سی نے فرنٹ لائن کا کردار ادا کیا اور ہمیشہ کی طرح اس سال بھی ایف سی کی جانب سے تین روزہ فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد کیا گیا ہے۔ جس میں کٹے ہونٹوں اور کٹے تالو کا آپریشن کیا جارہا ہے۔ جس میں بڑی تعداد میں بچوں کو مفت علاج کی سہولت میسر آئیگی، ڈاکٹر فیاض کا کہنا تھا کہ ہم نے عوام کی ضرورت کو مدنظر رکھ کر اس فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد کیا جس سے عوام کو علاج و معالجے کی مفت سہولیات میسر آئیں گی۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 28 APR 2024

Page No. 15


## ڈیرہ اللہ یار: بینک ڈکیتی اور قتل میں ملوث ملزمان گرفتار، نصف رقم برآمد

**ملزمان نے پٹرول پمپ مالک سے 88 لاکھ چھینے تھے، گرفتاری کیلئے جوائنٹ انویسٹی گیشن ٹیم تشکیل دی**

**دیگر کارروائیوں میں چھینی گئی موٹر سائیکلیں اور گاڑیاں برآمد کی گئیں، ڈی آئی جی سلیم لہڑی، پریس کانفرنس**

ڈیرہ اللہ یار (نامہ نگار) ڈیرہ اللہ یار کی تاریخ کی سب سے بڑی ڈکیتی کے بین الصوبائی گروہ کو پولیس کی جوائنٹ انویسٹی گیشن ٹیم نے کامیاب کارروائی کرتے ہوئے نصف کے قریب ڈکیتی شدہ رقم برآمد کر کے دو ملزمان کو گرفتار کرلیا جبکہ ڈکیتی کے دوران 22 سالہ فیاض احمد رند کے قتل کا معمہ حل کر کے ملزم کو گرفتار کر کے آلہ قتل برآمد کرلیا۔ یہ بات ڈی آئی جی نصیرآباد ملک محمد سلیم لہڑی نے ایس ایس پی آفس جعفرآباد آفس میں تین اضلاع کے ایس ایس پی پر مشتمل جوائنٹ انویسٹی گیشن ٹیم کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ایس ایس پی جعفرآباد فریال فرید ایس ایس پی صحبت پور غلام

باقی صفحہ 11 نمبر 13

حسین باجوئی، ایس ایس پی نصیرآباد ڈاکٹر محمد سمیع ملک ڈی ایس پی ڈیرہ اللہ یار سرکل محمد داؤد کھوسہ محمد طارق بہرانی سمیت دیگر افسران بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ ایک ماہ قبل مقامی پٹرول پمپ مالک سے چار موٹر سائیکل سوار اسلحہ کے زور پر 88 لاکھ روپے چھین کر فرار ہو گئے تھے جس پر میں نے ملزمان کی گرفتاری اور ڈکیتی شدہ رقم کی برآمدگی کے لئے فوری طور پر تین اضلاع جعفرآباد صحبت پور اور نصیرآباد کے ایس ایس پی پر مشتمل جوائنٹ انویسٹی گیشن ٹیم تشکیل دی۔ ٹیم نے جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے ٹریس آؤٹ کر کے گھیراؤ کیا اور دو ملزمان کو گرفتار کر کے ان سے ڈکیتی شدہ کافی رقم برآمد کرلی۔ ڈکیتی میں ملوث دیگر مفرور ملزمان اور سہولت کاروں تک رسائی کے لئے مکمل معلومات صیغہ راز میں رکھی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جعفرآباد پولیس نے نہ صرف ڈکیتی کے دوران قتل ہونے والے 22 سالہ نوجوان فیاض رند کے ملزم کو گرفتار کر کے آلہ قتل بھی برآمد کرلیا جبکہ گزشتہ دو ماہ کے دوران ایک سو 20 مفرور و روپوش اور 9 اقدام قتل کے ملزمان کو گرفتار کیا جبکہ 12 چھینی گئی موٹر سائیکلیں اور دو گاڑیاں قبضے میں لے لیں۔ جبکہ 47 ملزمان کو جوا کھیلتے ہوئے گرفتار کر کے ان کے قبضے سے داؤ پر لگی ہوئی رقم ایک لاکھ 40 ہزار 6 سو 56 روپے قبضہ میں لی گئی۔ اس کے علاوہ اسلحہ آرڈیننس کے حوالے سے کارروائی کرتے ہوئے 9 پسٹل اور پانچ چوری شدہ موبائل فونز بھی برآمد کئے گئے۔

## کوئٹہ: موٹر سائیکل چھیننے والے دو گروہوں کے 5 کارندے گرفتار

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ایس پی سریاب ڈویژن شفقت امیر جنجوعہ کو خفیہ اطلاع ملی تھی کہ موٹر سائیکل اور موبائل فونز چھیننے والے گروہ کے کارندے نیو سریاب کے علاقے میں موجود ہیں جس پر ڈی ایس پی شالکوٹ سرکل عابد بخاری، ایس ایچ او نیو سریاب توصیف فرمان کی سربراہی پر مشتمل ٹیم نے گزشتہ روز کارروائی کرتے ہوئے گروہ کے تین کارندوں شیر محمد، محمد حسنین اور اسرار احمد کو گرفتار کر کے اسلحہ قبضے میں لے لیا جبکہ ایس ایچ او منظور شہید عبدالرؤف جبار نے دیگر عملے کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے موبائل چھیننے والے گروہ کے دو کارندوں عمران اور ثنا اللہ کو گرفتار کر کے مسروقہ موٹر سائیکل، موبائل فونز اور اسلحہ قبضے میں لے لیا۔

## ہرنائی: ایف سی نارتھ کی کارروائی میں ایک دہشت گرد ہلاک

**ہرنائی پنجاب قومی شاہراہ پر گاڑیوں سے شہریوں کو اتارنے کی کوشش کی۔ ایف سی موقع پر پہنچ گئی**

ہرنائی (نامہ نگار) ضلع ہرنائی کے نواحی علاقے زندہ پیر میں ایف سی بلوچستان (نارتھ) کی دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائی میں ایک دہشت گرد ہلاک ہو گیا۔ سیکورٹی فورسز ذرائع نے بتایا کہ دہشت گردوں نے ہرنائی پنجاب قومی شاہراہ پر ہرنائی سنجاوی کے درمیان زندہ پیر کے مقام پر مسافر گاڑیوں سے شہریوں کو اتارنے کی کوشش کی تاکہ ان سے لوٹ کھسوٹ کرے اور جانی نقصان پہنچائے۔ اطلاع ملنے پر قریبی چوکی پر موجود ایف سی کے جوانوں نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے دہشتگردوں کا محاصرہ کیا اور فائرنگ کے تبادلے میں ایک دہشت گرد ہلاک ہو گیا جبکہ اس کے دیگر ساتھی فرار ہو گئے جن کی تلاش کیلئے سرچ آپریشن جاری ہے۔

MASHRIQ QUETTA

## آئس شیشہ کرسٹل ہیروئن سمیت منشیات کا کاروبار عروج پر

**منشیات فروشوں کے خلاف کوئی کارروائی عمل میں نہیں لائی جا رہی ہے**

استامحمد (نامہ نگار) استامحمد سٹی پولیس تھانے کے حدود سرعام آئس شیشہ کرسٹل ہیروئن سمیت دیگر منشیات کا کاروبار عروج پر ہے جس کی وجہ سے نوجوان نسل نشے جیسی لعنت میں مبتلا ہو کر اپنی قیمتی جانیں ضائع کر دیتے ہیں جبکہ استامحمد پولیس تھانے کے حدود میں تین آفیسر تعینات ہونے کے باوجود بھی ان منشیات فروشوں کے خلاف کوئی کارروائی عمل میں نہیں لائی جا رہی ہے سی آئی اے پولیس ایس ایچ او سٹی اور ایگل اسکواڈ کا اس حوالے سے کوئی خاص کردار نہیں ہے جس کی وجہ استامحمد میں منشیات کے عادی افراد نشہ پورا کرنے کیلئے سماجی برائیوں پر اتر آتے ہیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: بلوچستان نیوز

Bullet No. 6

Dated: 28 APR 2024 Page No. 17


## موسمیاتی تبدیلی کا مسئلہ اور وزیر اعلیٰ بلوچستان کا مبنی برحقیقت موقف!!

بلوچستان سمیت ملک کے اکثر علاقوں میں عیدالفطر کے بعد سے اب تک طوفانی بارشوں، گرج چمک اور سیلابی ریلوں کے باعث غیر معمولی نقصانات ہوئے ہیں یہ کوئی پہلی بار نہیں بہار ہو، مون سون یا پھر سرما کے دوران ہونے والی بارشیں ان سے تباہی اب پاکستان کے لئے پرانی بات بن چکی ہے ماہرین کے مطابق یہ سب کچھ دراصل موسمیاتی تبدیلی کے عالمگیر مسئلے کے باعث ہوا ہے ماحولیاتی مسائل اور موسمیاتی تبدیلی کا باعث بننے والے عناصر میں اگرچہ پاکستان کا کوئی کردار نہیں مگر المیہ یہ ہے کہ پاکستان اس کا سب سے بڑا شکار بن چکا ہے اس بات کا اعتراف خود اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس کر چکے ہیں ابھی جب یہ طوفانی موسم ہے یہی بھی موسمیاتی تبدیلی ہی کا نتیجہ ہے عیدالفطر کے دوسرے دن سے لے کر اب تک ملک کے متعدد شہروں میں بارشوں کا سلسلہ جاری ہے اور این ڈی ایم اے نے مزید بھی انتیس اپریل تک شدید بارشوں کے ساتھ ساتھ سیلابی صورتحال سے خبردار کرتے ہوئے خصوصی الرٹ جاری کیا ہے این ڈی ایم اے کا کہنا ہے کہ تیز بارشوں سے انفراسٹرکچر اور فصلوں کو شدید نقصان پہنچ سکتا ہے، عوام غیر ضروری سفر کرنے اور دریاؤں اور نہروں کو عبور کرنے سے گریز کریں، کچے مکانات کی مرمت کریں اور پانی کی نکاسی کو یقینی بنائیں۔ محکمہ موسمیات نے بھی مغربی سسٹم کے داخل ہونے سے خبردار کیا ہے جس سے تیس اپریل تک موسمی حالات خراب ہوسکتے ہیں یہاں ہمارے صوبے بلوچستان کی بات کریں تو پی ایم ڈی خبرداری دے چکا ہے کہ بلوچستان میں شدید بارشوں کا سلسلہ جاری رہے گا، جس کے نتیجے میں سلیمان اور کیرتھر پہاڑی سلسلوں میں مقامی نالوں اور پہاڑی ندی نالوں میں صورتحال تشویشناک ہوسکتی ہے سو عوام کو چاہئے کہ وہ ان موسمی حالات کو پیش نظر رکھیں اور ہنگامی حالات کی صورت میں انتظامیہ کو بروقت آگاہ کریں گزشتہ روز وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت پاکستان کونسل برائے موسمیاتی تبدیلی کا جو اجلاس منعقد ہوا ہے اس میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے یہ نکتہ اٹھایا ہے کہ عالمی برادری نے دو اعشاریہ چھ ارب ڈالر دینے کا جو وعدہ کیا تھا وہ پورا نہیں ہوا حالانکہ بلوچستان میں بہت زیادہ نقصان ہوا ہے مذکورہ اجلاس میں وزیراعظم شہباز شریف نے کاربن کریڈٹس پالیسی رہنما اصولوں کے حوالے سے حتمی پالیسی سازی پر صوبوں سے مشاورت کے لئے کمیٹی تشکیل دینے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان موسمیاتی تبدیلی کے مضر اثرات سے متاثر ہونے والے ممالک میں سرفہرست ہے۔ اجلاس میں وفاقی وزراء اسحاق ڈار، احد خان چیمہ، محمد اورنگزیب، سردار اویس خان لغاری متعلقہ اعلیٰ حکام اور سرکاری و نجی شعبے سے ماہرین نے شرکت کی۔ اجلاس میں وزیراعظم آزاد جموں و کشمیر، وزیراعلیٰ گلگت بلتستان اور چاروں صوبوں کے وزرائے اعلیٰ نے بھی ویڈیو لنک کے ذریعے شرکت کی۔ وزیراعظم نے کہا کہ ملک بھر میں کاربن کریڈٹس کے حوالے سے اقدامات میں بہتری آئی ہے جن کو مزید تیز اور موثر کرنے کی ضرورت ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ موسمیاتی تبدیلی سے متعلق تمام امور پر صوبوں کی مشاورت کے بغیر کسی بھی قسم کی پالیسی سازی کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ اجلاس میں پالیسی گائیڈ لائنز فار ٹریڈنگ ان کاربن کریڈٹس کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا اس موقع پر تمام صوبوں نے اپنی تجاویز اور آراء اجلاس کے سامنے رکھیں بلوچستان کی بات کریں تو وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کے ہمراہ مشیر ماحولیات نسیم الرحمان، وزیراعلیٰ کے پرنسپل سیکرٹری اور صوبائی سیکرٹری ماحولیات نے بھی ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کی وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے مشاورتی کمیٹی کے قیام سے متعلق وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ کے موقف کی حمایت کرتے ہوئے کہا کہ ماحولیاتی تبدیلی سے متعلق پالیسی اور فیصلہ سازی کے لیے صوبوں کی مشاورت ضروری ہے تاکہ ماحولیاتی تبدیلی کے چیلنجز سے نمٹنے کے لئے باہمی اتفاق رائے سے قومی پالیسی اور گائیڈ لائن تشکیل دی جاسکے اس کے ساتھ ساتھ مجوزہ فیس اسٹرکچر صوبوں کی ضروریات کی بنیاد پر طے کیا جائے تاکہ یہ تمام صوبوں کے لئے قابل قبول ہو۔ انہوں نے کہا کہ ماحولیاتی تبدیلی کے باعث بلوچستان سب سے زیادہ متاثر ہوا ہے گزشتہ بارشوں اور سیلاب سے بلوچستان میں ایک سو ساٹھ ارب ڈالر کا نقصان ہوا عالمی برادری نے بحالی سرگرمیوں کے لئے دو سو ساٹھ بلین ڈالر کا وعدہ کیا تاہم عالمی کمٹمنٹ پوری نہیں ہوئی وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے بالکل بجا کہا ہے اور عین حقیقت بھی یہی ہے کہ عالمی برادری کی جانب سے اس وقت جو اعلانات ہوئے وہ اب تک عمل پزیر نہیں ہوئے حالانکہ اس دوران ایک مون سون اور گزر گیا اب دو سال پورے ہونے والے ہیں اور اس دوران بلوچستان سمیت ملک بھر میں مزید وسیع پیمانے پر نقصانات ہوئے ہیں مگر وائے افسوس کہ اب تک اعلان شدہ امداد اور معاونت نہیں ملی حتیٰ کہ خود وفاقی حکومت نے بھی بلوچستان کے لئے جو اعلانات کئے ان پر پوری طرح عملدرآمد نہیں ہوا جبھی تو بلوچستان اسمبلی سے اس بابت قرارداد بھی پاس ہوئی بحث مباحثہ بھی ہوا تحاریک بھی آئیں اب تک وفاقی حکومت نے بھی بلوچستان کے ساتھ کیا گیا وعدہ پورا نہیں کیا ضرورت اس بات کی ہے کہ نہ صرف وفاقی حکومت بلوچستان کے ساتھ کئے وعدے پورے کرے صوبے کے لئے خصوصی پیکج دیا جائے بلکہ عالمی برادری نے بھی گا ہے بگاہے گزشتہ ڈیڑھ سال کے دوران حکومت پاکستان کے ساتھ جو وعدے کئے ہیں انہی عملی جامہ پہنائے اور مستقبل کے لئے تمام ممالک بیٹھ کر یہ عہد کریں کہ موسمیاتی تبدیلی کا شکار بننے والے ممالک کے ساتھ خصوصی معاونت کو بہر صورت یقینی بنایا جائے گا کیونکہ پاکستان کا شمار ان ممالک میں سرفہرست ہے جو کلائمیٹ چینج کے حوالے سے دوسرے ممالک کے کئے کی سزا بھگت رہے ہیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 28 APR 2024 Page No. 18


## کوئٹہ میں شہری منصوبہ بندی، عوامی مشکلات اور حکومت کی ترجیحات!!

بلوچستان کے دیرینہ حل طلب اور سلگتے مسائل، ان مسائل کے حل اور عوام کو بہتر سے بہتر سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے ہم مشرق کے انہی صفحات اور انہی سطور میں متعدد بار اس رائے کا اظہار کر چکے ہیں کہ بلوچستان ہر چند کہ ماضی میں مختلف وجوہات کی بناء پر ترقی اور خوشحالی کے سفر میں باقی صوبوں سے پیچھے رہ گیا اور اس کے نتیجے میں جہاں صوبے میں سیاسی اور معاشی مسائل کا جنم ہوا وہاں یہ مسائل وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ گہرے اور گھمبیر بھی ہوتے گئے اگر ماضی میں اس جانب بروقت توجہ کی جاتی تو عین ممکن ہے کہ آج ہمارا صوبہ ایک اور ہی تصویر پیش کر رہا ہوتا مگر کیا کیا جا سکتا ہے کہ ماضی میں جانے انجانے میں چشم پوشی ہوئی، روگردانی ہوئی، مسائل سے آنکھیں چرائی گئیں اور اس کا نتیجہ ہمارے سامنے ہے کہ آج ہر طرح کے وسائل سے مالا مال صوبے میں غربت اور پسماندگی نے ڈیرے ڈالے ہوئے ہیں البتہ یہ بھی عین حقیقت ہے کہ ماضی میں بھلے بلوچستان جانے انجانے میں نظر انداز رہا ہو مگر آج کا بلوچستان ایک نئی کروٹ لے رہا ہے وفاق اور صوبے نے مل کر گزشتہ چند برسوں کے دوران صوبے کے طول وعرض میں نمایاں ترقیاتی منصوبوں کی داغ بیل ڈالی ہے بہت سے منصوبے مکمل، بہت سے منصوبوں پر کام جاری اور بہت سارے منصوبے مستقبل قریب کے لئے زیر غور ہیں ان منصوبوں کی تکمیل سے عوام بہتری اور تبدیلی محسوس کریں گے اور صوبے میں ترقی کا سفر تیز ہوگا بالخصوص اگر اس موجودہ حکومت کی بات کی جائے تو وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کو اس بات کا کریڈٹ جاتا ہے کہ انہوں نے آتے ساتھ ہی جس دوٹوک عزم کا اظہار واعلان کیا تھا اسے لفاظی سے عملی مرحلے میں لے جاتے نظر آ رہے ہیں صحت اور تعلیم سمیت تمام شعبوں میں عرصہ دراز سے موجود مسائل کے حل اور عوام کی امیدوں وتوقعات پر پورا اترنے کے لئے شفاف طرز حکمرانی اور سروس ڈلیوری کے نظام کو بہتر سے بہترین کی سمت لے جانے کی کوششیں عمل پذیر ہیں انشاء اللہ یہ کاوشیں رنگ لائیں گی اور صوبہ آنے والے برسوں میں ایک اور ہی تصویر پیش کرے گا وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی نہ صرف بلوچستان کے سیاسی ومعاشی مسائل کے حل کے لئے کوشاں ہے اور سروس ڈلیوری کے نظام کو بہتر سے بہتر بنانے کے لئے پرعزم ہیں بلکہ وہ دیہی وشہری ترقی ہر دو شعبوں کو بھی یقینی بنانا چاہتے ہیں تاکہ صوبے کے طول وعرض میں ہر شہری کو اس کی دہلیز پر بہتر سے بہتر سہولیات مہیا کی جاسکیں وزیراعلیٰ نے گزشتہ روز کوئٹہ کے بعض ایسے مسائل کے حل کا عزم ظاہر کیا ہے جن کا سامنا ایک عرصے سے شہر کے مکین کر رہے ہیں مگر جو بھی حکومت آتی ہے وہ دعوے اور اعلانات کرنے کے بعد پلٹ کر خبر نہیں لیتی اور یہ مسائل اب گھمبیر ہو چکے ہیں البتہ وزیراعلیٰ نے ان سبھی مسائل کے حل کے لئے تمام وسائل بروئے کار لانے اور دوٹوک اقدامات اٹھانے کی یقین دہانی کرائی ہے مثال کے طور کوئٹہ میں بڑھتی ہوئی اور انتہائی بے ہنگم ٹریفک، نکاسی آب، فراہمی آب، صفائی ستھرائی اور بلدیہ عظمیٰ کے انتہائی محدود وسائل وزیراعلیٰ نے سرکلر روڈ اڈے کے دورے کے موقع پر ان سبھی مسائل کے حل کی یقین دہانی کرائی ہے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے سوریج کے نظام، پارکنگ اور دیگر مسائل کے حل کے حوالے سے بھرپور اقدامات اٹھانے اور جو وسائل دستیاب ہیں ان کا درست استعمال ضروری بنانے کی تاکید کی ہے اور کہا ہے کہ حکومت کے اثاثوں کو کسی صورت ضائع نہیں ہونے دیں گے مارکیٹ ویلیو کے مطابق ان کا کرایہ لے کر ریونیو میں اضافہ کر کے کوئٹہ کی بہتری کو یقینی بنائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ کوئٹہ میں پارکنگ کا مسئلہ سنگین صورتحال اختیار کر رہا ہے جس سے نمٹنے کے لئے پارکنگ پلازہ کو پبلک پرائیویٹ پارٹنر شپ کی طرف لے جا رہے ہیں شہر کے وسطی حصے کو واکنگ اسٹریٹ بنانے کا بھی وزیراعلیٰ نے عندیہ دیا نیز یہ کہ نجی شعبے کے اشتراک سے ٹریفک پولیس کو وسائل مہیا کئے جائیں ان کا کہنا تھا کہ شہریوں نے شہر کو صاف کرنے میں کردار ادا کرنا ہے، عوام کو بھی ذمہ داری کا مظاہرہ کرنا ہوگا۔ وزیراعلیٰ نے بتایا ہے کہ کہ ہر ضلع کی سڑکوں کی مرمت کے لئے پچاس لاکھ روپے رکھے جاتے ہیں جو یار لوگ کھا جاتے ہیں یار لوگ سے ان کی جو بھی مراد ہے اور یہ یار لوگ جو بھی ہیں ان کا کڑا حساب ہونا چاہئے اسی طرح وزیراعلیٰ نے یہ بھی کہا ہے کہ سرکاری جائیدادوں کے کرائے بڑھائے جائیں گے سرکاری جائیدادوں کے کرائے بڑھانے، وسائل میں اضافے اور مسائل پر قابو پانے کا وزیراعلیٰ کا عزم مستحسن ہے شہریوں اور تاجر برادری کو بالخصوص اس بابت اپنے انفرادی اور اجتماعی کردار کو سدھارنا ہوگا کوئٹہ پورے صوبے کا چہرہ ہے اور یہ یہاں رہنے والے تمام طبقات کا مشترکہ گھر ہے اس مشترکہ گھر کی صفائی ستھرائی اور دیکھ بھال بھی سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ صوبائی حکومت کو چاہئے کہ بلدیہ عظمیٰ کوئٹہ کو مزید وسائل دے، ٹریفک اہلکاروں کی کمی کا مسئلہ حل کرائیں، ادارہ ترقیات کوئٹہ کو مزید وسائل فراہم کئے جائیں اور شہر کے چھوٹے بڑے جتنے بھی مسائل ہیں ان سے نمٹنے کے لئے ہمہ جہت اقدامات کو بہر صورت یقینی بنایا جائے ماضی میں جو ہوا سو ہوا اب یہاں کے باسیوں کو اکیسویں صدی کے تقاضوں سے ہم آہنگ سہولیات میسر ہونی چاہئیں یہ سارے مسائل ایک دم سے پیدا نہیں ہوئے رفتہ رفتہ ہی یہ مسائل گھمبیر وسنگین ہوئے ہیں کوئٹہ بلوچستان کا مرکزی شہری اور صوبائی دارالحکومت ہے بلوچستان کو صوبے کا درجہ ملنے کے بعد اس شہر کو صوبائی دارالحکومت کا درجہ ملا جس کے بعد شہر کی طرف نقل مکانی کے رجحان میں اضافہ ہوا شیرانی و بارکھان سے لے کر حب چوکی اور تربت وگوادر سے لے کر ڈیرہ اللہ یار و جعفر آباد تک صوبے کے کونے کونے سے عوام نے بہتر تعلیمی وطبی سہولیات اور روزگار کے حصول کے لئے کوئٹہ کا رخ کیا ہونا تو یہ چاہئے تھا کہ شہر پر آبادی کے روز بروز بڑھتے دباؤ کے پیش نظر بروقت منصوبہ بندی کی جاتی شہر کو منصوبے اور نقشے کے ساتھ وسعت دی جاتی اور شہری منصوبہ بندی کو مقدم رکھا جاتا مگر ایسا نہیں ہوا جس کا نتیجہ ہمارے سامنے ہے بہر حال بلدیہ عظمیٰ کوئٹہ کی پراپرٹیز اربوں مالیت کی ہیں ان پراپرٹیز کی آمدن، پینے کے صاف پانی سے لے کر نکاسی آب اور سٹریٹ لائٹس کے معمولی سے مسئلے سے لے کر صفائی ستھرائی اور ٹریفک انجینئرنگ تک ہر معاملہ غور طلب ہے امید ہے کہ وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی اس بابت خصوصی دلچسپی لیں گے اور بلوچستان کے چہرے کو صاف وشفاف بنانے کے کار خیر میں اپنا بھرپور حصہ ڈالیں گے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 28 APR 2024 Page No. 19

# حکومت عوام کو احتجاج کا حق بھی دینے کو تیار نہیں

کوئٹہ میں جوڈیشل مجسٹریٹ نے پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے چیئرمین محمود خان اچکزئی کے ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری کرتے ہوئے پولیس کو حکم دیا ہے کہ وہ انہیں گرفتار کر کے عدالت کے روبرو پیش کرے۔ یہ حکم عدالت نے ایکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر آفیسر کی مدعیت میں پشتونخوا ملی پارٹی کے چیئرمین کے خلاف اس سال مارچ میں درج ہونے والے مقدمے کی سماعت کے دوران کیا۔ اس مقدمے میں محمود خان اچکزئی کے خاندان پر 48610 مربع زمین پر قبضہ کا الزام عائد کیا ہے۔ دوسری جانب کراچی میں پی ٹی آئی کو باغ جناح میں آج جلسہ کرنے کی اجازت نہیں دی گئی، جس پر سندھ ہائیکورٹ نے انتظامیہ کو معقول وجہ پیش کرنے کا حکم دیا ہے۔ اسی طرح جمعہ کو ہونے والے احتجاج میں پی ٹی آئی کے بیشتر رہنماؤں کی گرفتاری کی بھی اطلاعات ہیں۔

یہ تمام واقعات محض اتفاقیہ نہیں ہیں۔ محمود خان کے خلاف مقدمہ سرکاری افسر کی مدعیت میں درج ہوا ہے، جس پر دو سوالات اٹھتے ہیں، اگر تو انہوں نے سرکاری زمین پر قبضہ کیا ہے تو سرکار اسے خالی کیوں نہیں کروا پا رہی، یہ تو وہ حکومت ہے جو لوگوں کو بغیر کوئی وجہ بتائے برسوں اٹھا لیتی ہے تو پھر اپنی زمین خالی کروانے میں اسے کون روک سکتا ہے اور اگر یہ زمین سرکار کی نہیں ہے تو پھر سرکاری افسر کی مدعیت میں مقدمہ کیوں درج کیا گیا ہے؟ زمین کا اصل مالک کون ہے؟ اور اس نے خود مقدمہ درج کیوں نہیں کروایا، تیسرا یہ کہ زمین پر قبضے کے حوالے سے پاکستان میں روایت ہے کہ کوئی تھانہ مقدمہ درج نہیں کرتا بلکہ وہ اسے سول میٹر کہہ کر عدالت سے استدعا کرنے کا حکم جاری کر دیتا ہے تو پھر ایک سیاسی جماعت جو موجودہ حکومت کے خلاف برسرپیکار ہے، جس نے دیگر سیاسی جماعتوں کے ساتھ مل کر پورے ملک میں احتجاج کا اعلان کیا ہے اس کے چیئرمین اور ان کے گھر والوں کے خلاف اتنی ایمرجنسی میں مقدمہ درج کرنا ویسے ہی شکوک وشبہات پیدا کر دیتا ہے۔ اس کے علاوہ پی ٹی آئی کو ریاستی اداروں کی جانب سے جلسے، جلوس اور ریلیاں نکالنے سے روکنے پر بھی کئی سوالات اٹھ رہے ہیں، پہلا یہ کہ کیا پی ٹی آئی کوئی کالعدم جماعت ہے؟ دوسرا یہ کہ کیا پی ٹی آئی کے کارکن پاکستان کے شہری نہیں ہیں؟ تیسرا یہ کہ کیا پی ٹی آئی کو کسی قسم کی سیاسی سرگرمیوں کی اجازت نہیں ہے؟ چوتھا یہ کہ ملک کے تمام صوبوں میں صرف پی ٹی آئی اور حکومت مخالف جماعتوں کو ہی سیاسی سرگرمیوں کی اجازت کیوں نہیں ہے؟ امن و امان کا مسئلہ صوبائی ہے لیکن پھر بھی تمام صوبوں میں ریاستی اداروں کی جانب سے ان کے ساتھ یکساں رویہ کس کے حکم پر اختیار کیا جا رہا ہے۔

ویسے تو سب جانتے ہیں کہ موجودہ حکومت کس طرح وجود میں آئی ہے اور کون ان کی پشت پناہی کر رہا ہے۔ ملک اور جمہوریت کو سب سے زیادہ نقصان بیرونی حملہ آوروں سے ہوتا ہے اور یہ بیرونی حملہ آور محض آمر ہی نہیں ہوتا بلکہ وہ سیاسی آمر بھی اس میں شامل ہیں جو بغیر کسی سیاسی جدوجہد کے حکمران بن جاتے ہیں، اس وقت زیادہ تر حکمران ایسے ہی ہیں جنہیں غیر سیاسی طاقتور حلقوں نے اقتدار پر بٹھا دیا ہے، ملک کی دو بڑی سیاسی جماعتوں کی اعلیٰ ترین قیادت میں وہ افراد شامل ہیں جنہوں نے کوئی سیاسی جدوجہد نہیں کی، ان کے آباؤ اجداد کو فوج نے اقتدار میں بٹھا دیا تھا اور جب سے آج تک یہ اسی طرح اقتدار میں آتے رہے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ حکومت میں شامل وزرا اور دیگر اعلیٰ ترین عہدے دار اور ریاستی اداروں کے کرتا دھرتا عوام کو احتجاج کا حق بھی دینا نہیں چاہتے، یہ آمروں کی پیداوار اور آمرانہ ذہنیت کے لوگ جنہیں عوام کی رائے اور ان کے حقوق کی کوئی فکر ہی نہیں ہے۔ انہیں صرف اپنے ان آقاؤں کو خوش کرنے کی فکر لگی رہتی ہے جو انہیں بار بار اقتدار میں لاتے ہیں، یہی وجہ ہے کہ اس وقت ملک میں جمہوری اقدار ناپید ہوتی جا رہی ہیں۔ جیلیں اصل مجرموں سے زیادہ سیاسی قیدیوں سے بھری ہوئی ہیں اور ملک میں گزشتہ ڈھائی تین برسوں سے سب سے زیادہ مقدمات سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں اور کارکنان پر بنے ہیں، ایسا لگتا ہے کہ ملک میں سب سے زیادہ جرائم سیاست سے وابستہ افراد ہی کر رہے ہیں، جبکہ باقی تمام مجرموں کو کھلی چھوٹ ہے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6

Dated: 28 APR 2024 Page No. 20


# Lack of processing facilities

It is surprising that agriculture is the mainstay of the economy of Balochistan regrettably this sector is given less focus to develop. Therefore, landlords and farmers face immense challenges. Besides other issues, lack of proper processing facilities prevents the fruit growers in Balochistan from getting high returns on their produce.

The province, with diverse climates ranging from temperate to sub-tropical and tropical, produces various fruit crops. While apple, apricot, cherry and peach are high delta fruits, grape, olive, pistachio and pomegranate belong to the low delta of the province. The province produces 130 varieties of date. According to Balochistan horticulture department, Makran produces about 0.5 million tonnes of dates annually. Some of the famous date varieties grown in Turbat and Panjgur include Begum Jangi, Kaharaba, Mozawati, Berni, Helini and Sabzo. Grape, the low delta crop, is grown in bulk in Quetta, Pishin, Kallat, Zhob, Loralai and Mastung districts. It may be grown in all types of climates and soils, but the experts believe that the province should be divided into zones for quality fruit production. For instance, for high delta fruits of apricots and plums, an 'apricot zone' or 'plum zone' should be set up in upland Balochistan.

Balochistan's tremendous yield potential of high quality fruits could efficiently be tapped by establishing crop specific zone and fruit processing units in the province. The fruit farmers need to be properly educated about the techniques of growing fruit crops, and attention needs to be paid to zoning for growth of different fruit crops.

Reportedly, researchers are working on the production of cultivars of different fruits in Balochistan. As a result of agriculture research, cultivars of different fruits have been introduced. For instance, local cultivars of grapes introduced so far include Kishmishi, Sundarkhani, Haita, Hussani, Askari, Khal Chini and Khalili. The cultivars of apple include the early-season, mid-season and late-season cultivars. So far 52 varieties of apples, 22 of grapes, 14 of peaches, 15 of cherry, 30 of plums, 32 of apricots, 11 of olive, five of almond and four varieties each of pistachios and pomegranates have been introduced.

New techniques for production of tropical fruits, and cost-effective practices and packages for improvement in production and new high-yielding and pest-resistant varieties of tropical fruits have also been introduced. It is essential that the government besides assisting farmers in transforming agriculture in modern lines, providing them best facilities must also open maximum processing units and improve connectivity between the fields and the market.

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 28 APR 2024 Page No. 21

## آواران کی تحصیل گیشکور کولواہ کے پاؤں میں چبھے کانٹے نکالیں

گیشکور " کولواہ " مادگ قلات سے لیکر بزداد ایریا تک ضلع آواران کی ایک تحصیل ہے۔ جو کہ ہیڈکوارٹر ضلع آواران سے قریباً 65 کلومیٹر دور مغربی سرے پر واقع ہے۔ تحصیل کے وسطی شہر میں تحصیل کے اکاذ کا انتظامی دفاتر، گنتی کے چند بے ترتیب کچی پکی دوکانیں واقع ہیں۔ وہ بھی اتنے قریب قریب ہیں کہ درمیان سے دو روسڑک مشکل

تحریر:۔ ارشد اقبال



سے گزاری جاسکے۔

سی پیک کے نام پر بننے والے ہوشاب سے گیشکور تا آواران سڑک کا کام سالوں سے جاری ہے۔ جس دن اس روڈ کا یہ کام شروع ہوا تھا اس روز کے پیدا ہونے والے بچے میٹرک کر رہے ہیں۔ مگر روڈ کا پراگریس زیرو ہے۔ ہوشاب سے گیشکور تک روڈ ٹھیکیدار بمعہ عملہ اور مشینری پچھلے ڈیڑھ دو سالوں سے غائب ہے۔ سی پیک کے نام پر بننے والی اس سڑک پر ہوشاب سے آواران ارتھ درک کے نام پر جتنی بجری بچھائی گئی ہے۔ ان میں سے آدھے بارش کے ریلوں کے نظر ہو چکے ہیں۔ اس روڈ پر چھوٹے بڑے پلوں کیلئے چھوڑے گئے نشانات ہزاروں سال پہلے کے کسی ٹیلے کا منظر پیش کرتے ہیں۔

انسان نے جب زمین پر چلنا پھرنا سیکھا وہ ایک جگہ سے دوسری جگہ جانے گھومنے پھرنے اور سفر کرنے کیلئے زمین پر مخصوص مقامات سے گزرنے لگا۔ انسان کے پیروں کے نشان پڑتے پڑتے زمین پر پگڈنڈیاں، پگڈنڈیوں سے راستے، راستوں سڑکیں، سڑکوں سے شاہراہ اور شاہراہوں سے دنیا آج کہاں کہاں تک پہنچ گئی۔ مگر گیشکور سے آواران آج تک کسی زمیاد یا پک اپ گاڑی میں کوئی سیریس مریض صحیح سلامت شہر کے ہسپتال پہنچا ہے تو بس وہ بزرگوں کی دعاؤں اور خوش قسمتی سے پہنچا ہوگا۔ حالانکہ گیشکور بازار سے مشرق میں ہیڈکوارٹر آواران 60 کلومیٹر اور مغرب میں ہمسایہ ضلع کیچ سے 160 میل فاصلہ ہے۔

گیشکور والوں کو اپنے ضلعی ہیڈکوارٹر (آواران) بازار سے ایک کلو ٹماٹر اور تربت سے ایرانی اشیاء خورد و نوش حاصل کرنے کیلئے چار سے 6 گھنٹوں کا مشکل ترین سفر طے کرنا پڑتا ہے۔ کچا راستہ دھڑ دھڑ، اور دریائی پتھروں پر مشتمل ندی نالے جو اپنے اوپر گزرنے والی گاڑی کو روڈ بریکر کی طرح روکے رکھتے ہیں۔ اور یہاں سے غریب کسانوں کی تربوز خربوز اور پیاز وغیرہ کی فصل مارکیٹ پہنچتے پہنچتے سڑ چکی ہوتی ہے۔

سینکڑوں چھوٹی چھوٹی آبادیوں (میتگ) پر مشتمل تحصیل گیشکور میں تین بیسک ہیلتھ یونٹس ہیں۔ ہے جو کہ پی پی ایچ آئی کی تعاون سے ماہانہ پچاس ہزار روپے کے دوائیوں، ڈسپنسر، میڈیکل ٹیکنیشن و عملے پر مشتمل چل رہے ہیں۔ حالیہ دنوں گیشکور کے واحد مرکزی بیسک ہیلتھ یونٹ میں پی پی ایچ آئی کی جانب سے لیبر روم، الٹرا ساؤنڈ مشین اور ٹیلی ہیلتھ سروس کا آغاز کیا گیا مگر یہ اونٹ کے منہ میں زیرہ کے برابر ہے۔ کہاں اتنی بڑی آبادی اور کہاں پچاس ہزار روپے کی دوائیوں پر مشتمل ایک بی ایچ یو۔ ڈسٹرکٹ ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے سوائے پی پی ایچ آئی کے تعاون سے چلنے والی بیسک ہیلتھ یونٹ کے کوئی آثار نہیں ہیں۔ تحصیل کت مرکز میں آر ایچ سی کی بلڈنگ انڈر کنسٹرکشن ہے۔ گیشکور تحصیل میں کئی بیسک ہیلتھ یونٹس سمیت مزکری بیسک ہیلتھ یونٹ میں ایک لیبارٹری اور صحت کے حوالے سے دیگر اہم چیزوں کی فوری اور اشد ضرورت ہے۔

سیاسی بنیادوں پر گیشکور کا انٹر کالج گیشکور سے مالار میں شفٹ کی گئی۔ جس پر گیشکور کا ہی اولین حق تھا۔ مالار بوائز کالج کو بلڈنگ کے بعد ایک پرنسپل دے کر جان خلاصی کی گئی۔ جس کے پاس نہ کوئی بجٹ ہے اور نہ ہی کوئی سرکاری عملہ۔ گیشکور میں ایک گرلز ہائی سکول بھی ہے، جس میں پرائمری سطح کچھ کلاسز اور چند طلباء ہیں۔ جنہیں صرف اور صرف ایک جے وی فیمیل ٹیچر پڑھا رہی ہے۔ البتہ وہاں ایک بوائز ہائر سیکنڈری سکول بھی جو کہ فنکشنل ہے۔ گیشکور کولواہ کا مستقبل تعلیم صحت اور روڈ روزگار کا مطالبہ کر رہا ہے۔ اس لئے گیشکور کولواہ کے پاؤں میں چبھے کانٹے نکالیں تاکہ وہاں کے باسی برسر روزگار ہوں۔ صحت کے سہولیات سے مستفید ہوں۔ تعلیم یافتہ ہوں۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.______

Dated: 28 APR 2024 Page No.______




کوئٹہ صوبائی مشیر ڈاکٹر ربابہ بلیدی کیتھلین کمال ریمسانی فاؤنڈیشن کے ایگزیکٹو بورڈ کے اجلاس سے خطاب کررہی ہیں



کوئٹہ وزیر صحت فیصل جمالی کو وزارت کی کرسی پر بٹھانے سے قبل دعا کی جارہی ہے



صوبائی وزیر سی اینڈ ڈبلیو میر سلیم کھوسہ کو قلمدان ملنے پر ارکان اسمبلی برکت علی رند اور میر اصغر رند مبارکباد دے رہے ہیں



صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم کھوسہ سے مختلف وفود ملاقات کررہے ہیں

MASHRIQ QUETTA



صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم کھوسہ کو ایکسین سی اینڈ ڈبلیو کمیر کٹی صوبائی اسمبلی میں جاری ترقیاتی منصوبوں پر پیشرفت کے حوالے سے بریفنگ دے رہے ہیں



وزیراعلیٰ بلوچستان کے مشیر برائے ماحولیات نسیم الرحمن اور مسلم لیگ کے سیکرٹری اطلاعات چوہدری شبیر حبیب الرحمن و دیگر ملاقات کررہے ہیں



صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم کھوسہ محمد اسماعیل زہری کو عمرہ کی سعادت حاصل کرنے پر مبارکباد دے رہے ہیں